Institute of
Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

ADVOCACY AND INNOVATION FUNDS
FOR EDUCATION IN PAKISTAN

# ضلع فیصل آباد

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2015ء تا جون 2015ء













# ضلع فیصل آباد

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

جنوری 2015ء تا جون 2015ء

ضلع فیصل آباد
تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی
جنوری 2015ء تا جون 2015ء

مطبوعات:
انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز
مکان نمبر 13، گلی نمبر 1، G-6/3 اسلام آباد
پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، پاکستان
فون: 0092-51-111-739739، فیکس: 0092-51-2925336
ای میل: info@i-saps.org، ویب سائٹ: www.i-saps.org

تعاون: علم آئیڈیاز

ISBN: 978-969-9393-64-8
© 2015 I-SAPS, Islamabad.

رینکنگ کارڈ میں دیئے گئے اعداد و شمار و معلومات انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز کی تحقیق کا نتیجہ ہیں۔
اس ایجنڈا کے مندرجات سے علم آئیڈیاز کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

# فہرست


1- تعارف ........ 1
2- بنیادی مقاصد ........ 1
3- درجہ بندی کا طریقہ کار (Ranking Methodology) ........ 1
4- تعلیمی معیار کے اعداد و شمار (تعلیمی سکور) ........ 1
5- سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد و شمار (سکول سکور) ........ 1
6- حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی ........ 2
7- گراف نمبر 1 - صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی ........ 3
8- گراف نمبر 2 - صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی ........ 4
9- نقشہ نمبر 1 - صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی ........ 5
10- نقشہ نمبر 2 - صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی ........ 6

## 1-تعارف:

ضلع فیصل آباد میں تعلیمی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے صوبائی اسمبلی کے حلقوں کی سطح پر تعلیمی اعداد وشمار کا تجزیہ کیا گیا جس کی بنیاد پر ان حلقوں کی تعلیمی معیار اور سکولوں میں سہولیات کی فراہمی کے اعتبار سے درجہ بندی کی گئی ہے۔ صوبائی حلقوں کا یہ پہلا ششماہی کارڈ ہے جو کہ جنوری 2015ء سے جون 2015ء کے اعداد وشمار کی بنیاد پر پہلی رینکنگ پیش کرتا ہے۔ چھ ماہ بعد کی جانے والی یہ رینکنگ صوبائی حلقوں میں ہونے والی تعلیمی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے معاون ثابت ہوگی۔ اس رینکنگ کارڈ میں ضلع فیصل آباد کے تمام صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کی گئی ہے جن میں پی پی-51، پی پی-52، پی پی-53، پی پی-54، پی پی-55، پی پی-56، پی پی 57 پی پی-58، پی پی-59، پی پی-60، پی پی-61، پی پی-62، پی پی-63، پی پی-64، پی پی-65، پی پی-66، پی پی-67، پی پی-68 پی پی-69، پی پی-70، پی پی-71 اور پی پی-72 شامل ہیں۔

## 2-بنیادی مقاصد:

صوبائی حلقوں کی تعلیمی درجہ بندی کا مقصد عوامی نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کو حلقے میں موجود طلباء وطالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے معاونت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنے حلقہ کی تعلیمی صورتحال اور معیارِ تعلیم بہتر کرنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات کریں اور سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے فقدان کو کم کیا جا سکے۔ یہ رینکنگ کارڈ ہر صوبائی حلقہ کے شہریوں کو بھی معاونت فراہم کرے گا کہ وہ اپنے حلقے کے تعلیمی مسائل کو اپنے منتخب نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کے سامنے مؤثر طریقے سے پیش کر سکیں جس سے ان مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔

## 3-درجہ بندی کا طریقہ (Ranking Methodology)

ضلع فیصل آباد کے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کے لیے دو طرح کے اعداد وشمار کو استعمال کیا گیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

### (i) تعلیمی معیار کے اعداد وشمار (تعلیمی سکور)

حلقوں میں موجود سکولوں کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں اعداد وشمار جمع کیے گئے ہیں۔ ان تعلیمی اعداد وشمار میں پانچویں، آٹھویں اور دسویں جماعت کے امتحانی نتائج (فیصد)، حاضر اساتذہ (فیصد)، طلباء کی حاضری (فیصد) اور طلباء و سکولوں کی صفائی (فیصد) کی صورتحال کے متعلق اعداد و شمار لیے گئے ہیں۔ ان سات Indicators کی اوزانی اوسط (Weighted Average) مجموعی تعلیمی سکور کو ظاہر کرتی ہے۔

### (ii) سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد وشمار (سکول سکور)

اس حصہ میں حلقوں میں موجود سکولوں میں دستیاب بنیادی سہولتوں کے حوالے سے اعداد وشمار لیے گئے ہیں۔ ان دستیاب سہولتوں میں چاردیواری، پینے کا پانی، لیٹرین اور بجلی شامل ہیں۔ ان چار دستیاب سہولتوں کی اوسط فراہمی (Weighted Average) سکول سکور کو ظاہر کرے گی۔

درج بالا طریقہ کار کے مطابق اگلے صفحات پر تعلیمی معیار اور دستیاب سہولتوں کے لحاظ سے حلقوں کی درجہ بندی ظاہر کی گئی ہے۔

# حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی



## گراف نمبر1: صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی




| | | PP-69 | PP-70 | PP-68 | PP-66 | PP-67 | PP-54 | PP-62 | PP-56 | PP-61 | PP-63 | PP-59 | PP-58 | PP-55 | PP-57 | PP-64 | PP-72 | PP-60 | PP-65 | PP-71 | PP-53 | PP-52 | PP-51 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلباء کی صفائی ستھرائی | 2.5% | 50.00 | 50.00 | 52.50 | 82.42 | 88.64 | 70.30 | 66.67 | 60.08 | 61.79 | 66.89 | 87.28 | 62.41 | 71.08 | 78.24 | 77.47 | 91.38 | 93.50 | 95.83 | 96.55 | 72.50 | 82.00 | 77.20 |
| سکول میں صفائی | 2.5% | 49.26 | 46.98 | 53.75 | 80.21 | 80.68 | 54.46 | 67.90 | 46.41 | 80.69 | 70.78 | 70.29 | 64.66 | 66.18 | 63.65 | 77.06 | 88.36 | 75.41 | 89.58 | 95.69 | 58.54 | 78.00 | 76.00 |
| حاضر طلباء | 15% | 86.20 | 85.16 | 91.71 | 90.55 | 88.31 | 88.02 | 80.81 | 82.78 | 85.78 | 88.70 | 89.71 | 89.82 | 89.13 | 90.00 | 88.10 | 90.18 | 92.02 | 90.37 | 91.95 | 91.15 | 90.98 | 90.01 |
| حاضر اساتذہ | 15% | 90.19 | 92.31 | 95.51 | 96.56 | 94.88 | 89.69 | 92.21 | 88.86 | 89.16 | 89.53 | 91.85 | 93.82 | 93.58 | 94.37 | 92.32 | 95.95 | 93.37 | 95.99 | 94.86 | 92.32 | 90.95 | 94.33 |
| میٹرک کے نتائج | 20% | 41.75 | 44.80 | 36.50 | 42.32 | 45.26 | 41.51 | 43.79 | 43.92 | 45.02 | 41.53 | 43.55 | 42.67 | 46.65 | 41.00 | 45.09 | 48.13 | 42.30 | 54.45 | 46.44 | 45.61 | 45.41 | 46.46 |
| آٹھویں کے نتائج | 20% | 60.17 | 58.69 | 61.53 | 57.80 | 57.59 | 64.79 | 67.69 | 69.03 | 65.13 | 65.92 | 65.10 | 67.66 | 65.99 | 66.37 | 65.96 | 62.80 | 66.87 | 60.61 | 62.64 | 70.22 | 69.23 | 68.24 |
| پانچویں کے نتائج | 25% | 48.78 | 49.48 | 53.41 | 51.87 | 52.36 | 57.54 | 56.40 | 59.95 | 57.13 | 58.96 | 54.10 | 58.19 | 57.71 | 60.91 | 59.22 | 54.88 | 58.84 | 52.35 | 56.33 | 60.85 | 61.38 | 62.56 |

نوٹ: میٹرک کے حالیہ نتائج کی عدم دستیابی کے باعث پچھلے سال کے نتائج استعمال کیے گئے ہیں۔

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-51 کا مجموعی تعلیمی سکور 70.06 ہے جو کہ ضلع فیصل آباد کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے لہٰذا تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے PP-51 پہلے نمبر پر ہے۔ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-52 کا مجموعی تعلیمی سکور 69.56 ہے جو کہ ضلع فیصل آباد کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے دوسرے جبکہ PP-53 مجموعی تعلیمی سکور 69.18 کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ ضلع فیصل آباد کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی حلقہ جات میں بھی تعلیمی ادارے اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں تاکہ مستقبل میں ان کا شمار بھی پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔
- اوپر دیئے گئے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ضلع فیصل آباد کے کچھ حلقوں کے پانچویں جماعت کے نتائج غیر متاثر کن رہے ہیں۔ ان حلقوں میں PP-69 اور PP-70 کے نتائج محض 49 فیصد رہے ہیں۔ اسی طرح تمام حلقوں کے دسویں جماعت کے نتائج بھی خاصے مایوس کن رہے ہیں۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ حلقے میں اساتذہ کی حاضری کافی بہتر ہے۔ طلباء اور سکولوں کی صفائی ستھرائی کے لحاظ سے حلقہ PP-69، PP-70 اور PP-68 کی صورتحال کچھ زیادہ متاثر کن نہیں ہے۔

## گراف نمبر 2: صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی




| PP-64 | PP-62 | PP-51 | PP-53 | PP-58 | PP-56 | PP-57 | PP-52 | PP-61 | PP-60 | PP-54 | PP-55 | PP-63 | PP-59 | PP-72 | PP-71 | PP-70 | PP-69 | PP-68 | PP-67 | PP-66 | PP-65 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 94.62 | 97.56 | 96.92 | 96.77 | 98.51 | 98.47 | 98.50 | 100 | 100 | 99.19 | 99.02 | 99.03 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | لیٹرین 30% |
| 95.70 | 90.24 | 94.62 | 96.77 | 88.06 | 95.42 | 95.49 | 95.33 | 98.37 | 95.12 | 99.02 | 99.03 | 98.65 | 99.12 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | چاردیواری 20% |
| 95.70 | 97.56 | 94.62 | 95.16 | 99.25 | 94.66 | 96.24 | 94.67 | 95.93 | 100 | 99.02 | 99.03 | 98.65 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | بجلی 20% |
| 96.77 | 96.34 | 96.92 | 97.58 | 99.25 | 97.71 | 98.50 | 99.33 | 99.19 | 100 | 99.02 | 99.03 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | 100 | پانی 30% |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات PP-65 ‘PP-66 ‘PP-67 ‘PP-68 ‘PP-69 ‘PP-70 ‘PP-71 اور PP-72 کا مجموعی سکول سکور 100 ہے جو کہ ضلع فیصل آباد کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا بنیادی سہولیات کے اعتبار سے یہ تمام حلقہ جات پہلے نمبر پر ہیں۔ صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-59 کا مجموعی سکول سکور 99.82 ہے جو کہ ضلع فیصل آباد کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولیات کے اعتبار سے دوسرے اور PP-63 مجموعی سکول سکور 99.46 کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ ضلع فیصل آباد کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے تاکہ مستقبل میں ان کا شمار بھی پہلے تین حلقہ جات میں ہو سکے۔
- اوپر دیئے گئے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ضلع فیصل آباد کے بیشتر سکولوں میں بنیادی سہولیات میسر ہیں۔ PP-58 کے 12 فیصد سکول چار دیواری سے محروم ہیں جبکہ PP-64 کے تقریباً 5 فیصد سکولوں میں طلباء کیلئے لیٹرین کی سہولت موجود نہیں ہے۔

## نقشہ نمبر 1: صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی

| پہلی ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2015ء | حلقہ نمبر |
|---|---|
| 1st | پی پی-51 |
| 2nd | پی پی-52 |
| 3rd | پی پی-53 |
| 4th | پی پی-71 |
| 5th | پی پی-65 |
| 6th | پی پی-60 |
| 7th | پی پی-72 |
| 8th | پی پی-64 |
| 9th | پی پی-57 |
| 10th | پی پی-55 |
| 11th | پی پی-58 |
| 12th | پی پی-59 |
| 13th | پی پی-63 |
| 14th | پی پی-61 |
| 15th | پی پی-56 |
| 16th | پی پی-62 |
| 17th | پی پی-54 |
| 18th | پی پی-67 |
| 19th | پی پی-66 |
| 20th | پی پی-68 |
| 21st | پی پی-70 |
| 22nd | پی پی-69 |



## نقشہ نمبر2: صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی

| پہلی ششماہی درجہ بندی جنوری تا جون 2015ء | حلقہ نمبر |
|---|---|
| 1st | پی پی-65 |
| 1st | پی پی-66 |
| 1st | پی پی-67 |
| 1st | پی پی-68 |
| 1st | پی پی-69 |
| 1st | پی پی-70 |
| 1st | پی پی-71 |
| 1st | پی پی-72 |
| 1st | پی پی-59 |
| 2nd | پی پی-63 |
| 3rd | پی پی-55 |
| 4th | پی پی-54 |
| 5th | پی پی-60 |
| 6th | پی پی-61 |
| 7th | پی پی-52 |
| 8th | پی پی-57 |
| 9th | پی پی-56 |
| 10th | پی پی-58 |
| 11th | پی پی-53 |
| 12th | پی پی-51 |
| 13th | پی پی-62 |
| 14th | پی پی-64 |



**نوٹ:** رینکنگ کارڈ میں استعمال کیے گئے اعداد وشمار Programme Monitoring and Implementation Unit (PMIU)، Punjab Examination Commission (PEC) اور متعلقہ بورڈ سے حاصل کیے گئے ہیں

ضلع فیصل آباد میں تعلیمی صورتحال میں بہتری لانے کے لیے انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) علم آئیڈیاز (Ilm Ideas) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

I-SAPS Institute of Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I-SAPS) ایک قومی اور پالیسی سازی میں معاونت کرنے والا ادارہ ہے جو سماجی، معاشی و قانونی موضوعات پر تحقیق میں سرگرم عمل ہے۔ شعبہء تعلیم I-SAPS کا ایک اہم تحقیقی موضوع ہے۔ I-SAPS نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر شعبہء تعلیم کی مختلف جہتوں پر تحقیق کی ہے جن میں تعلیم کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اس کا استعمال، تعلیم کے لیے کی جانے والی قانون سازی، نجی تعلیمی شعبہ کا انتظام و انصرام وغیرہ شامل ہیں۔

ISBN: 978-969-9393-64-8

مزید معلومات کیلئے

www.i-saps.org info@i-saps.org 051-111-739-739

@I_SAPS facebook.com/I-SAPS.pk